بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(ترجمہ) ”اور یقیناً ہم نے قرآن کو نصیحت (سمجھنے) کے لئے آسان بنا دیا ہے، پس ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا۔“ (القمر 54 : آیت 17)

لفظی ترجمہ کے ساتھ

نماز پڑھنا سیکھئے

مع اہم دعائیں

قرآن وسنت کی روشنی میں



الاعلام الاسلامی۔ کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(ترجمہ) ''اور یقیناً ہم نے قرآن کو نصیحت (سمجھنے) کے لئے آسان بنا دیا ہے
پس ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا'' (القمر 54 : آیت 17)

لفظی ترجمہ کے ساتھ

نماز پڑھنا سیکھئے

مع اہم دعائیں

قرآن وسنت کی روشنی میں

جمع وترتیب : مولانا امان اللہ فیصل و مولانا مشتاق احمد شاکر و مولانا محمد عمر حفظہم اللہ

نظر ثانی : شیخ الحدیث مولانا محمود احمد حسن حفظہ اللہ
و شیخ الحدیث مفتی محمد یوسف قصوری حفظہ اللہ
و مفتی محمد عاکف رحمانی حفظہ اللہ

معاونین : مولانا عمر فاروق و سید عبدالودود حفظہما اللہ

زیر نگرانی : محمد عبید اللہ عبد اللہ حفظہ اللہ

ناشر : الاعلام الاسلامی

کمرہ نمبر 10، دوسری منزل، گلشن ٹیرس (بلڈنگ) نزد جامع کلاتھ مارکیٹ
ایم اے جناح روڈ۔ کراچی۔ فون: 32627369/32210209

طلب کیجئے۔۔۔ تقسیم کیجئے ۔۔۔ صدقہ جاریہ میں حصّہ ڈالئے

بطور صدقہ جاریہ آپ یہاں اپنا یا اپنے مرحومین کا نام لکھ کر یا صرف نیت کر کے تقسیم کیجئے۔

نماز کی دعائیں اور ان کا لفظی ترجمہ

تکبیر تحریمہ (نماز شروع کرتے وقت پڑھئے)

اَللّٰہُ	اَکْبَرُ
اللہ	سب سے بڑا (ہے)

اللہ سب سے بڑا ہے۔ (بخاری، مسلم)

ثنا (تکبیر کے بعد ثنا یعنی اللہ تعالیٰ کی شان میں تعریفی کلمات پڑھئے)

❶ سُبْحَانَكَ	اللّٰهُمَّ	وَ	بِحَمْدِكَ	وَ	تَبَارَكَ	اسْمُكَ
پاک ہیں آپ	اے اللہ	اور	اپنی تعریفوں کیساتھ	اور	بابرکت ہے	آپ کا نام

اے اللہ ، آپ پاک ہیں اپنی تعریفوں کے ساتھ۔ آپ کا نام (بڑا ہی) بابرکت ہے

وَ	تَعَالٰی	جَدُّكَ	وَلَآ	اِلٰهَ	غَيْرُكَ
اور	بلند و بالا ہے	آپ کی بزرگی	اور نہیں (ہے)	کوئی (بھی) معبود	آپ کے سوا

آپ کی بزرگی بہت بلند ہے ، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ (ابوداؤد)

دعائے استفتاح (تکبیر تحریمہ کے بعد یہ دعا بھی پڑھ سکتے ہیں)

❷ اَللّٰهُمَّ	بَاعِدْ	بَيْنِيْ	وَ	بَيْنَ	خَطَايَايَ	كَمَا
اے اللہ	دوری فرما دیجئے	میرے درمیان	اور	درمیان	میری خطاؤں (کے)	جیسا کہ

اے اللہ ، دوری فرما دیجئے میرے اور میری خطاؤں کے درمیان جیسا کہ

بَاعَدْتَّ	بَيْنَ	الْمَشْرِقِ	وَ	الْمَغْرِبِ	اَللّٰهُمَّ	نَقِّنِيْ
آپ نے دوری کی	درمیان	مشرق	اور	مغرب (کے)	اے اللہ	صاف کر دیجئے مجھے

آپ نے دوری کر رکھی ہے مشرق اور مغرب کے درمیان۔ اے اللہ ، صاف کر دیجئے مجھے

مِنَ	الْخَطَايَا	كَمَا	يُنَقَّى	الثَّوْبُ	الْاَبْيَضُ
سے	خطاؤں	جیسے	صاف کیا جاتا ہے	کپڑا	سفید

خطاؤں سے جیسے صاف کیا جاتا ہے سفید کپڑا

مِنَ	الدَّنَسِ	اَللّٰهُمَّ	اغْسِلْ	خَطَايَایَ
سے	میل (کچیل)	اے اللہ	دھو ڈالئے	میری خطائیں

میل کچیل سے۔ اے اللہ ، دھو ڈالئے میری خطائیں

بِالْمَآءِ	وَ	الثَّلْجِ	وَ	الْبَرَدِ
پانی سے	اور	برف	اور	اولوں(سے)

پانی ، برف اور اولوں سے۔

تعوّذ (دعائے استفتاح کے بعد تعوّذ پڑھئے یعنی شیطان مردود کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگئے)

اَعُوْذُ	بِاللّٰهِ	مِنَ	الشَّيْطٰنِ	الرَّجِيْمِ
میں پناہ میں آتا ہوں	اللہ کی	سے	شیطان	مردود

میں اللہ (تعالیٰ) کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود (کے شر) سے۔ (ابوداؤد)

سورہ فاتحہ (تعوّذ کے بعد سورہ فاتحہ پڑھئے)

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
(شروع)نام سے	اللہ(کے)	(جو) بڑا مہربان	بے حد رحم کرنے والا

(شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے۔

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ ۝١	الرَّحْمٰنِ
تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	پروردگار	تمام جہانوں ۝١	بہت مہربان

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے خاص ہیں، جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ بڑا مہربان

الرَّحِيْمِ ۝٣	مٰلِكِ	يَوْمِ	الدِّيْنِ ۝٤	اِيَّاكَ	نَعْبُدُ
بے حد رحم کرنے والا ۝٣	مالک	دن	بدلہ ۝٤	صرف تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں

نہایت رحم کرنے والا ہے۔ جو بدلہ (جزا وسزا) کے دن (قیامت) کا مالک ہے۔ (اے اللہ) ہم صرف

وَ	اِيَّاكَ	نَسْتَعِيْنُ ۝٥	اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ ۝٦
اور	صرف تجھ ہی سے	ہم مدد چاہتے ہیں ۝٥	ہمیں ہدایت دے	راستہ	سیدھا ۝٦

تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھی راہ پر ثابت قدمی نصیب فرما۔

صِرَاطَ	الَّذِيْنَ	اَنْعَمْتَ	عَلَيْهِمْ ۙ	غَيْرِ	الْمَغْضُوْبِ
راستہ	ان لوگوں کا	تو نے انعام کیا	ان پر	نہ	غضب کیا گیا

ان کی راہ پر (ثابت قدم رکھ) جن پر تو نے انعام کیا۔ ان کی راہ پر نہیں

عَلَيْهِمْ	وَ	لَا	الضَّآلِّيْنَ ۝٧	اٰمِيْنَ
ان پر	اور	نہ	گمراہ ہونے والے ۝٧	(اے اللہ) قبول فرمایئے

جن پر تیرا غضب اُترا اور نہ ان کی جو گمراہ ہوئے۔ آمین۔ (مسلم)

سورہ اخلاص (سورہ فاتحہ کے بعد قرآن کریم کی کوئی بھی سورت تلاوت کیجئے)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ ۝١	اَللّٰهُ	الصَّمَدُ ۝٢	لَمْ	يَلِدْ ۙ
آپ کہہ دیجئے	وہ	اللہ	ایک (ہے) ۝١	اللہ	بے نیاز (ہے) ۝٢	نہیں	اس نے جنا

(اے نبی ﷺ) آپ فرما دیجئے کہ وہ اللہ ایک (ہی) ہے۔ اللہ (سب سے) بے نیاز ہے۔ نہ اس کی

وَ	لَمْ	يُوْلَدْ ۙ﴿۳﴾	وَ	لَمْ	يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا	اَحَدٌ ﴿۴﴾
اور	نہیں	وہ جنا گیا ﴿۳﴾	اور	نہیں	ہے	اس کا	ہمسر	کوئی ﴿۴﴾

کوئی اولاد ہے اور نہ ہی وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ ہی کوئی اس کا ہمسر (برابری والا) ہے۔ (مسلم)

تکبیر (کوئی بھی سورت تلاوت کرنے کے بعد رکوع میں جاتے ہوئے پڑھئے)

اَللّٰهُ	اَكْبَرُ
اللہ	سب سے بڑا (ہے)

اللہ سب سے بڑا ہے۔ (بخاری،مسلم)

رکوع کی تسبیح (رکوع کی حالت میں کم از کم 3 مرتبہ پڑھئے)

سُبْحَانَ	رَبِّيَ	الْعَظِيْمِ
پاک ہے	میرا رب	(جو) عظمتوں والا (ہے)

میرا رب عظمتوں والا (ہر عیب سے) پاک ہے۔ (ابوداؤد)

تسمیع (رکوع سے سر اٹھاتے وقت پڑھئے)

سَمِعَ	اللّٰهُ	لِمَنْ	حَمِدَهٗ
سن لیا	اللہ (نے)	اس آدمی (کی بات) کو	جس نے اس کی تعریف کی

اللہ نے اس آدمی کی بات سن لی ہے جس نے اس کی تعریف کی۔ (مسلم)

تحمید (رکوع سے اٹھنے کے بعد کھڑے ہو کر پڑھئے)

رَبَّنَا	وَ	لَكَ	الْحَمْدُ
اے ہمارے رب	اور	آپ کے لئے (ہیں)	تمام تعریفات

اے ہمارے پروردگار ، آپ ہی کے لئے تمام تعریفات ہیں۔ (بخاری،مسلم)

تکبیر (سجدہ میں جاتے وقت پڑھئے)

اَللّٰہُ	اَکْبَرُ
اللہ	سب سے بڑا (ہے)

اللہ سب سے بڑا ہے۔ (بخاری،مسلم)

سجدہ کی تسبیح (سجدہ کی حالت میں کم از کم 3 مرتبہ پڑھئے)

سُبْحَانَ	رَبِّیَ	الْاَعْلٰی
پاک ہے	میرا رب	(جو) بلندیوں والا (ہے)

میرا رب بلندیوں والا (ہر عیب سے) پاک ہے۔ (ابوداؤد)

تکبیر (سجدہ سے سر اٹھاتے وقت پڑھئے)

اَللّٰہُ	اَکْبَرُ
اللہ	سب سے بڑا (ہے)

اللہ سب سے بڑا ہے۔ (بخاری،مسلم)

جلسہ (2 سجدوں کے درمیان بیٹھے ہوئے پڑھئے)

اَللّٰھُمَّ	اغْفِرْلِیْ	وَ	ارْحَمْنِیْ	وَ	اجْبُرْنِیْ
اے اللہ	مجھے بخش دیجئے	اور	مجھ پر رحم فرمایئے	اور	میرا نقصان پورا کر دیجئے

اے اللہ ، مجھے معاف کر دیجئے اور مجھ پر رحم فرمایئے میرا نقصان پورا کر دیجئے

وَ	اھْدِنِیْ	وَ	ارْزُقْنِیْ
اور	مجھے ہدایت دیجئے	اور	مجھے رزق دیجئے

مجھے ہدایت اور رزق عطا فرمایئے۔ (ابوداؤد)

تشہد (دوسری رکعت کے دوسرے سجدہ سے سر اٹھا کر بیٹھے ہوئے پڑھئے)

اَلتَّحِيَّاتُ	لِلّٰهِ	وَ	الصَّلَوَاتُ	وَ	الطَّيِّبَاتُ
تمام قولی عبادات	اللہ کے لئے (ہیں)	اور	تمام بدنی عبادات	اور	تمام مالی عبادات (بھی)

(میری) قولی ، بدنی اور مالی عبادات صرف اللہ تعالیٰ کے لئے خاص ہیں

اَلسَّلَامُ	عَلَيْكَ	اَيُّهَا	النَّبِيُّ	وَ	رَحْمَةُ	اللّٰهِ
سلامتی ہو	آپ پر	اے	نبی	اور	رحمت	اللہ (کی)

اے نبی (ﷺ) آپ پر اللہ تعالیٰ کی رحمت

وَ	بَرَكَاتُهٗ	اَلسَّلَامُ	عَلَيْنَا	وَ	عَلٰى	عِبَادِ
اور	اس کی برکات	سلامتی ہو	ہم پر	اور	پر	بندوں

سلامتی اور برکتیں ہوں اور ہم پر اور اللہ تعالیٰ کے (تمام)

اللّٰهِ	الصَّالِحِيْنَ	اَشْهَدُ	اَنْ	لَّآ	اِلٰهَ	اِلَّا
اللہ (کے)	نیک	میں گواہی دیتا ہوں	یہ کہ	نہیں (ہے)	کوئی معبود	مگر

نیک بندوں پر (بھی) سلامتی ہو۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں ہے

اللّٰهُ	وَ	اَشْهَدُ	اَنَّ	مُحَمَّدًا	عَبْدُهٗ	وَ	رَسُوْلُهٗ
اللہ	اور	میں گواہی دیتا ہوں	بیشک	محمد (ﷺ)	اس کے بندے	اور	اس کے رسول (ہیں)

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (ﷺ) اس کے بندے اور رسول ہیں۔ (بخاری،مسلم)

درود شریف (آخری رکعت کے تشہد کے بعد بیٹھے بیٹھے پڑھئے)

اَللّٰھُمَّ	صَلِّ	عَلٰی	مُحَمَّدٍ	وَّ	عَلٰٓی	اٰلِ
اے اللہ	رحمت بھیجئے	پر	محمد (ﷺ)	اور	پر	آل

اے اللہ ، رحمت بھیجئے محمد (ﷺ) پر اور محمد (ﷺ) کی آل پر

مُحَمَّدٍ	کَمَا	صَلَّیْتَ	عَلٰٓی	اِبْرٰھِیْمَ	وَ	عَلٰٓی
محمد (ﷺ)	جیسا کہ	آپ نے رحمت بھیجی	پر	ابراہیم (علیہ السلام)	اور	پر

جس طرح آپ نے رحمت نازل فرمائی ہے ابراہیم (علیہ السلام) پر اور

اٰلِ	اِبْرَاھِیْمَ	اِنَّكَ	حَمِیْدٌ	مَّجِیْدٌ	اَللّٰھُمَّ
آل	ابراہیم (علیہ السلام کے)	بیشک آپ	تعریف کئے گئے	بزرگی والے (ہیں)	اے اللہ

حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر۔ بیشک آپ تعریف کئے گئے ، بزرگی والے ہیں۔ اے اللہ

بَارِكْ	عَلٰی	مُحَمَّدٍ	وَّ	عَلٰٓی	اٰلِ	مُحَمَّدٍ
برکت نازل فرمایئے	پر	محمد (ﷺ)	اور	پر	آل	محمد (ﷺ کے)

برکت نازل کیجئے محمد (ﷺ) پر اور محمد (ﷺ) کی آل پر

کَمَا	بَارَکْتَ	عَلٰٓی	اِبْرَاھِیْمَ	وَ	عَلٰٓی
جیسا کہ	آپ نے برکت فرمائی	پر	ابراہیم (علیہ السلام)	اور	پر

جس طرح آپ نے برکت نازل کی ابراہیم (علیہ السلام) پر اور

اٰلِ	اِبْرَاهِيْمَ	اِنَّكَ	حَمِيْدٌ	مَّجِيْدٌ
آل	ابراہیم (علیہ السلام)	بیشک آپ	تعریف کئے گئے	بزرگی والے (ہیں)

حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر۔ بیشک آپ تعریف کئے گئے بزرگی والے ہیں۔ (بخاری،مسلم)

دعائیں (آخری رکعت کے تشہد میں درود شریف کے بعد بیٹھے ہوئے پڑھئے)

اَللّٰهُمَّ	اِنِّيْٓ	اَعُوْذُ	بِكَ	مِنْ	عَذَابِ	الْقَبْرِ
اے اللہ	بیشک میں	پناہ چاہتا ہوں	آپ کی	سے	عذاب	قبر

اے اللہ ، بیشک میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں عذاب قبر سے

وَ	اَعُوْذُ	بِكَ	مِنْ	عَذَابِ	جَهَنَّمَ	وَ
اور	پناہ چاہتا ہوں	آپ کی	سے	عذاب	جہنم	اور

اور آپ کی پناہ چاہتا ہوں جہنم کے عذاب سے اور

اَعُوْذُ	بِكَ	مِنْ	فِتْنَةِ	الْمَسِيْحِ	الدَّجَّالِ	وَ
پناہ چاہتا ہوں	آپ کی	سے	فتنہ	مسیح	دجال	اور

آپ کی پناہ چاہتا ہوں مسیح دجال کے فتنے سے اور

اَعُوْذُ	بِكَ	مِنْ	فِتْنَةِ	الْمَحْيَا	وَ	الْمَمَاتِ	اَللّٰهُمَّ
پناہ چاہتا ہوں	آپ کی	سے	فتنہ	زندگی	اور	موت	اے اللہ

آپ کی پناہ چاہتا ہوں زندگی اور موت کے فتنے سے۔ اے اللہ

اِنِّيْٓ	اَعُوْذُ	بِكَ	مِنَ	الْمَاْثَمِ	وَ	الْمَغْرَمِ
بیشک میں	پناہ چاہتا ہوں	آپ کی	سے	گناہ	اور	قرض

بیشک میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں گناہوں سے اور قرض سے۔ (بخاری،مسلم)

(آخری رکعت کے تشہد کی حالت میں بیٹھے ہوئے پڑھئے)

اَللّٰهُمَّ	اِنِّیْ	ظَلَمْتُ	نَفْسِیْ	ظُلْمًا	كَثِيْرًا	وَّ
اے اللہ	بیشک میں	میں نے ظلم کیا	اپنے نفس پر	ظلم	بہت زیادہ	اور

اے اللہ ، بیشک میں نے اپنی جان پر بہت ظلم کئے ہیں اور

لَا	يَغْفِرُ	الذُّنُوْبَ	اِلَّآ	اَنْتَ	فَاغْفِرْ لِیْ
نہیں (ہے)	بخشتا	گناہوں کو	مگر	آپ	پس مجھے بخش دیجئے

کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں سوائے آپ کے۔ پس آپ مجھے بخش دیجئے

مَغْفِرَةً	مِّنْ	عِنْدِكَ	وَ	ارْحَمْنِیْٓ	اِنَّكَ
بخشش	سے	آپ کے پاس	اور	مجھ پر رحم فرمایئے	بیشک آپ

اور اپنے خاص فضل سے اور مجھ پر رحم کیجئے۔ بیشک آپ

اَنْتَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ
آپ ہی	خوب بخشنے والے	بے حد مہربان (ہیں)

مغفرت کرنے والے (اور) رحم کرنے والے ہیں۔ (بخاری،مسلم)

سلام (تشہد کی دعائیں پڑھنے کے بعد بیٹھے ہوئے دائیں اور بائیں طرف سلام پھیر کر نماز مکمل کیجئے)

اَلسَّلَامُ	عَلَيْكُمْ	وَ	رَحْمَةُ	اللّٰهِ
سلامتی ہو	تم پر	اور	رحمت	اللہ (کی)

آپ (فرشتوں اور نمازیوں) پر سلامتی اور اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو۔ (ترمذی)

دس قرآنی سورتیں اور ان کا ترجمہ

سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ — سورہ فیل مکی، اس میں ۵ آیات اور ۱ رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

اَ	لَمْ	تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ
کیا	نہیں	آپ نے دیکھا	کیسا	کیا	تمہارے رب نے

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں

بِاَصْحٰبِ	الْفِيْلِ ۝۱	اَ	لَمْ	يَجْعَلْ	كَيْدَهُمْ
والوں کے ساتھ	ہاتھی ۝۱	کیا	نہیں	کر دیا اس نے	ان کی چال

کے ساتھ کیا سلوک کیا ؟ کیا ان کی چال کو بے کار نہیں

فِيْ	تَضْلِيْلٍ ۝۲	وَّ	اَرْسَلَ	عَلَيْهِمْ	طَيْرًا
میں	گمراہی ۝۲	اور	اس نے بھیجے	ان پر	پرندے

کر دیا ؟ اور ان پر جھنڈ کے جھنڈ (ابابیل)

اَبَابِيْلَ ۝۳	تَرْمِيْهِمْ	بِحِجَارَةٍ	مِّنْ	سِجِّيْلٍ ۝۴
جھنڈ کے جھنڈ ۝۳	وہ پھینکتے	پتھر	سے	کنکر ۝۴

پرندے بھیج دیئے۔ جو ان (ہاتھی والوں) پر پتھر اور کنکریاں پھینک رہے تھے۔

فَجَعَلَهُمْ	كَعَصْفٍ	مَّاْكُوْلٍ ۝۵
پس اس نے کر دیا ان کو	بھوسے کی طرح	کھایا ہوا ۝۵

پھر اس نے انہیں کھائے ہوئے بھوسے کی طرح کر دیا۔

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ

سورہ قریش مکی، اس میں ۴ آیات اور ۱ رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

لِاِيْلٰفِ	قُرَيْشٍ ۙ①	اٖلٰفِهِمْ	رِحْلَةَ	الشِّتَآءِ	وَ
مانوس کرنے کے لئے	قریش ①	ان کا مانوس ہونا	سفر	سردی	اور

قریش کو مانوس کرنے کے لئے۔ (یعنی) انہیں سردی اور گرمی کے سفر سے مانوس

الصَّيْفِ ۚ②	فَلْيَعْبُدُوْا	رَبَّ	هٰذَا	الْبَيْتِ ۙ③
گرمی ②	پس چاہئے کہ وہ عبادت کریں	رب	اس	گھر (کی) ③

کرنے کے لئے۔ پس انہیں چاہئے کہ اس گھر (بیت اللہ) کے رب کی عبادت کرتے رہیں۔

الَّذِيْٓ	اَطْعَمَهُمْ	مِّنْ	جُوْعٍ ۙ	وَّ
وہ	جس نے انہیں کھانا کھلایا	سے	بھوک	اور

جس نے انہیں بھوک میں کھانا دیا اور

اٰمَنَهُمْ	مِّنْ	خَوْفٍ ۧ④
اس نے انہیں امن دیا	سے	خوف ④

خوف سے امن و امان دیا۔

سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ مَكِّيَّةٌ

سورہ ماعون مکی، اس میں ۷ آیات اور ۱ رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

اَرَءَيْتَ	الَّذِيْ	يُكَذِّبُ	بِالدِّيْنِ ۭ①	فَذٰلِكَ
کیا آپ نے دیکھا	اس شخص کو جو	جھٹلاتا ہے	روز جزا وسزا کو ①	پس یہی

کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جو جزا و سزا (آخرت) کے دن کو جھٹلاتا ہے؟ یہی وہ ہے

الَّذِیْ	یَدُعُّ	الْیَتِیْمَ ۙ﴿۲﴾	وَ	لَا	یَحُضُّ
وہ شخص ہے جو	دھکے دیتا ہے	یتیم (کو) ۲	اور	نہیں	رغبت دلاتا

جو یتیم کو دھکے دیتا ہے اور مسکین کو کھانا کھلانے کی

عَلٰی	طَعَامِ	الْمِسْكِیْنِ ؕ﴿۳﴾	فَوَیْلٌ	لِّلْمُصَلِّیْنَ ۙ﴿۴﴾
پر	کھانا	مسکین ۳	پس ہلاکت	نمازیوں کے لئے ۴

ترغیب نہیں دیتا۔ پس ایسے نمازیوں کے لئے ویل (جہنم کی وادی) ہے۔

الَّذِیْنَ	هُمْ	عَنْ	صَلَاتِهِمْ	سَاهُوْنَ ۙ﴿۵﴾	الَّذِیْنَ
وہ	جو	سے	اپنی نماز	غفلت برتنے والے ۵	وہ

جو اپنی نماز سے غفلت برتتے ہیں۔ جو ریاکاری (دکھلاوے کا عمل)

هُمْ	یُرَآءُوْنَ ۙ﴿۶﴾	وَ	یَمْنَعُوْنَ	الْمَاعُوْنَ ﴿۷﴾ ع
جو	دکھاوا کرتے ہیں ۶	اور	وہ روکتے ہیں	عام ضرورت کی چیز ۷

کرتے ہیں اور (لوگوں کو) استعمال کی معمولی چیزیں بھی دینے سے انکار کر دیتے ہیں۔

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

سورہ کوثر مکی، اس میں ۳ آیات اور ۱ رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

اِنَّآ	اَعْطَیْنٰكَ	الْكَوْثَرَ ؕ﴿۱﴾	فَصَلِّ	لِرَبِّكَ
بیشک	ہم نے آپ کو عطا فرمائی	کوثر ۱	پس آپ نماز پڑھئے	اپنے رب کیلئے

(اے نبی ﷺ) یقیناً ہم نے آپ کو (حوض) کوثر عطا کیا ہے۔ پس آپ اپنے رب ہی کے لئے نماز پڑھیں

وَ	اُنْحَرْ ۝٢	اِنَّ	شَانِئَكَ	هُوَ	الْاَبْتَرُ ۝٣
اور	قربانی دیجئے ۝١	بیشک	آپ کا دشمن	وہی	بے نام ونشان (ہے) ۝٢

اور قربانی کریں۔ یقیناً آپ کا دشمن ہی بے نام و نشان رہے گا۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ

سورہ کافرون مکی، اس میں ٦ آیات اور ١ رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

قُلْ	يٰٓاَيُّهَا	الْكٰفِرُوْنَ ۝١	لَآ	اَعْبُدُ	مَا
کہہ دیجئے	اے	کافرو ۝١	نہیں	میں عبادت کرتا	جس کی

(اے نبی ﷺ) آپ فرما دیجئے کہ اے کافرو ، میں ان (بتوں) کی عبادت نہیں کرتا جن کی

تَعْبُدُوْنَ ۝٢	وَ	لَآ	اَنْتُمْ	عٰبِدُوْنَ	مَآ
تم عبادت کرتے ہو ۝٢	اور	نہ	تم	عبادت کرنے والے	جس کی

تم عبادت کرتے ہو اور نہ تم اس (اللہ) کی عبادت کرنے والے ہو جس کی

اَعْبُدُ ۝٣	وَ	لَآ	اَنَا	عَابِدٌ	مَّا
میں عبادت کرتا ہوں ۝٣	اور	نہ	میں	عبادت کرنے والا	جس کی

میں عبادت کرتا ہوں اور نہ میں ان کی عبادت کرنے والا ہوں ، جن کی

عَبَدْتُّمْ ۝٤	وَ	لَآ	اَنْتُمْ	عٰبِدُوْنَ	مَآ
تم نے عبادت کی ۝٤	اور	نہ	تم	عبادت کرنے والے	جس کی

تم عبادت کرتے ہو اور نہ ہی تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی

اَعۡبُدُ ؕ۵	لَـكُمۡ	دِيۡنُكُمۡ	وَ	لِىَ	دِيۡنِ ۧ۶
میں عبادت کرتا ہوں ۵	تمہارے لئے	تمہارا دین	اور	میرے لئے	میرا دین ۶

میں عبادت کر رہا ہوں۔ تمہارے لئے تمہارا دین ہے اور میرے لئے میرا دین ہے۔

سُوۡرَةُ النَّصۡرِ مَدَنِيَّةٌ

سورہ نصر مدنی، اس میں ۳ آیات اور ۱ رکوع ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

اِذَا	جَآءَ	نَصۡرُ	اللّٰهِ	وَ	الۡفَتۡحُ ۙ۱	وَ	رَاَيۡتَ
جب	آ جائے	مدد	اللہ (کی)	اور	فتح ۱	اور	آپ دیکھیں

جب اللہ کی مدد اور فتح آ جائے اور آپ لوگوں کو

النَّاسَ	يَدۡخُلُوۡنَ	فِىۡ	دِيۡنِ	اللّٰهِ	اَفۡوَاجًا ۙ۲
لوگ	داخل ہو رہے ہیں	میں	دین	اللہ	فوج در فوج ۲

اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہوتا دیکھ لیں۔

فَسَبِّحۡ	بِحَمۡدِ	رَبِّكَ	وَ	اسۡتَغۡفِرۡهُ ؕ
پس آپ پاکی بیان کیجئے	تعریف کے ساتھ	اپنے رب کی	اور	اس سے بخشش طلب کیجئے

تو آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے اور اس سے مغفرت کی دعا مانگئے

اِنَّهٗ	كَانَ	تَوَّابًا ۧ۳
بیشک وہ	ہے	بڑا توبہ قبول کرنے والا ۳

بیشک وہ بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا ہے۔

سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ

سورہ لہب مکی، اس میں ۵ آیات اور ۱ رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

تَبَّتْ	يَدَآ	اَبِيْ	لَهَبٍ	وَّ	تَبَّ ۝١	مَآ
ٹوٹ گئے	دونوں ہاتھ	ابو	لہب	اور	وہ ہلاک ہوا ۝١	نہیں

ابو لہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ (خود بھی) ہلاک ہو گیا۔ نہ

اَغْنٰى	عَنْهُ	مَالُهٗ	وَ	مَا	كَسَبَ ۝٢	سَيَصْلٰى
کفایت کی	اس سے	اس کے مال نے	اور	جو	اس نے کمایا ۝٢	عنقریب وہ داخل ہوگا

تو اس کا مال اس کے کام آیا اور نہ ہی اس کی کمائی۔ وہ عنقریب بھڑکتی ہوئی آگ میں

نَارًا	ذَاتَ	لَهَبٍ ۝٣	وَّ	امْرَاَتُهٗ	حَمَّالَةَ	الْحَطَبِ ۝٤
آگ	والی	شعلے ۝٣	اور	اس کی بیوی	اٹھانے والی	لکڑیاں ۝٤

ڈالا جائے گا اور اس کی بیوی بھی (اس کے ساتھ جہنم میں جائے گی) جو لکڑیاں ڈھونے والی ہے۔

فِيْ	جِيْدِهَا	حَبْلٌ	مِّنْ	مَّسَدٍ ۝٥
میں	اس کی گردن	رسی	سے	کھجور کی چھال ۝٥

اس کی گردن میں کھجور کی چھال کی بٹی ہوئی رسی ہو گی۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

سورہ اخلاص مکی، اس میں ۴ آیات اور ۱ رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ ۝١	اَللّٰهُ	الصَّمَدُ ۝٢	لَمْ	يَلِدْ
آپ کہہ دیجئے	وہ	اللہ	ایک (ہے) ۝١	اللہ	بے نیاز (ہے) ۝٢	نہیں	اس نے جنا

(اے نبی ﷺ) آپ فرما دیجئے کہ وہ اللہ ایک (ہی) ہے۔ اللہ (ہر چیز سے) بے نیاز ہے۔ نہ اس کی

وَ	لَمْ	يُوْلَدْ ۙ﴿۳﴾	وَ	لَمْ	يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا	اَحَدٌ ﴿۴﴾
اور	نہیں	وہ جنا گیا ۝	اور	نہیں	ہے	اس کا	ہمسر	کوئی ۝

کوئی اولاد ہے اور نہ ہی وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ ہی کوئی اس کا ہمسر (برابر) ہے۔

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ — سورہ فلق کی، اس میں ۵ آیات اور ۱ رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ	الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾	مِنْ	شَرِّ	مَا
آپ کہہ دیجئے	میں پناہ میں آتا ہوں	رب کی	صبح ۝	سے	شر	جو

آپ فرما دیجئے کہ میں صبح کے رب کی پناہ میں آتا ہوں۔ ہر اس چیز کے شر سے جو

خَلَقَ ۙ﴿۲﴾	وَ	مِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ	اِذَا	وَقَبَ ۙ﴿۳﴾
اس نے پیدا کیا ۝	اور	سے	شر	اندھیرا	جب	وہ چھا جائے ۝

اس نے پیدا کی ہے اور اندھیری رات (کی تاریکی) کے شر سے جب اس کا اندھیرا چھا جائے

وَ	مِنْ	شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي	الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾	وَ
اور	سے	شر	پھونکیں مارنے والیاں	میں	گرہیں ۝	اور

اور گرہ (لگا کر ان) میں پھونکنے والی (جادوگرنیوں) کے شر سے (بھی) اور

مِنْ	شَرِّ	حَاسِدٍ	اِذَا	حَسَدَ ﴿۵﴾
سے	شر	حسد کرنے والا	جب	وہ حسد کرے ۝

حسد کرنے والے کے شر سے بھی جب وہ حسد کرے۔

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ

سورہ ناس مکی، اس میں ۶ آیات اور ۱ رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ	النَّاسِ ۙ①	مَلِكِ	النَّاسِ ۙ②
آپ کہہ دیجئے	میں پناہ میں آتا ہوں	رب کی	لوگوں (کے) ①	بادشاہ	لوگوں (کے) ②

آپ فرما دیجئے کہ میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ میں آتا ہوں۔ لوگوں کے مالک کی۔

اِلٰهِ	النَّاسِ ۙ③	مِنْ	شَرِّ	الْوَسْوَاسِ ۙ	الْخَنَّاسِ ۙ④
معبود	لوگوں (کے) ③	سے	شر	وسوسہ ڈالنے والا	پیچھے ہٹ جانے والا ④

انسانوں کے حقیقی معبود کی (پناہ میں)۔ وسوسہ ڈالنے، پیچھے ہٹ جانے والے کے شر سے۔

الَّذِيْ	يُوَسْوِسُ	فِيْ	صُدُوْرِ	النَّاسِ ۙ⑤	مِنَ
جو	وسوسہ ڈالتا ہے	میں	سینے	لوگوں ⑤	سے

جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ (خواہ) وہ

الْجِنَّةِ	وَ	النَّاسِ ۧ⑥
جنات	اور	انسانوں ⑥

جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔

مختلف اوقات میں پڑھی جانے والی مسنون دعائیں

سونے سے پہلے یہ دعا پڑھئے :

اَللّٰھُمَّ	بِاسْمِكَ	اَمُوْتُ	وَ	اَحْیٰی
اے اللہ	آپ کے نام کے ساتھ	میں مرتا (سوتا ہوں)	اور	زندہ ہوتا (جاگتا ہوں)

اے اللہ ، آپ کے ساتھ ہی میں مرتا (سوتا) اور زندہ ہوتا (جاگتا) ہوں۔ (بخاری)

سونے کے دوران ڈر یا خوف سے بچاؤ کے لئے یہ دعا پڑھئے :

اَللّٰھُمَّ	غَارَتِ	النُّجُوْمُ	وَ	هَدَأَتِ	الْعُیُوْنُ	وَ
اے اللہ	ڈوب گئے	ستارے	اور	آرام پایا	آنکھوں	اور

اے اللہ ، ڈوب گئے ستارے اور آرام پایا آنکھوں نے اور

اَنْتَ	حَیٌّ	قَیُّوْمٌ	لَّا	تَأْخُذُكَ	سِنَةٌ	وَّ
آپ	زندہ	قائم رہنے والے	نہیں	آتی آپ کو	اونگھ	اور

آپ ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والے ہیں ، نہیں آتی آپ کو اونگھ اور

لَا	نَوْمٌ	یَا	حَیُّ	یَا	قَیُّوْمُ
نہ	نیند	اے	زندہ	اے	قائم رہنے والے

نہ نیند۔ اے زندہ اور قائم ذات

اَهْدِئْ	لَیْلِیْ	وَ	اَنِمْ	عَیْنِیْ
پرسکون بنا دے	میری رات	اور	سلا دے	میری آنکھ (کو)

پر سکون بنا دے میری رات کو اور سلا دے میری آنکھ کو۔ (طبرانی)

برا خواب دیکھنے کے بعد یہ دعا پڑھئے :

اَعُوْذُ	بِاللّٰهِ	مِنَ	الشَّيْطٰنِ	الرَّجِيْمِ
میں پناہ مانگتا ہوں	اللہ کی	سے	شیطان	مردود

میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔

وَ	مِنْ	شَرِّ	هٰذِهِ	الرُّؤْيَا
اور	سے	شر	اس	(برے) خواب

اور اس (برے) خواب کے شر سے۔ (بخاری،مسلم)

بیدار ہونے (سوکر اٹھنے) کے بعد یہ دعا پڑھئے :

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	اَحْيَانَا	بَعْدَ
تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ	جس نے زندہ کیا	بعد

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے زندہ (بیدار) کیا ہم کو بعد

مَآ	اَمَاتَنَا	وَ	اِلَيْهِ	النُّشُوْرُ
اس کے	اس نے ہمیں مارا	اور	اس کی طرف	جی اُٹھنا ہے

اس کے کہ مارا (سلایا) تھا اس نے ہمیں اور اس کی طرف جی اٹھ کر جانا ہے۔ (بخاری)

بیت الخلا میں داخل ہونے سے پہلے یہ دعا پڑھئے :

بِسْمِ	اللّٰهِ	اَللّٰهُمَّ	اِنِّيْ	اَعُوْذُ
نام کے ساتھ	اللہ (کے)	اے اللہ	بیشک میں	پناہ چاہتا ہوں

(شروع) اللہ (تعالیٰ) کے نام سے ، اے اللہ ، بیشک میں آپ کی پناہ

بِكَ	مِنَ	الْخُبُثِ	وَ	الْخَبَآئِثِ
آپ کی	سے	ناپاک جنوں	اور	ناپاک جنیوں

چاہتا ہوں ناپاک جنوں اور ناپاک جنیوں سے۔ (ترمذی)

بیت الخلا سے باہر نکلنے کے بعد یہ دعا پڑھئے :

غُفْرَانَكَ
آپ سے بخشش طلب کرتا ہوں
(اے اللہ ، میں) آپ سے بخشش طلب کرتا ہوں۔ (ابوداؤد،ترمذی)

وضو کرنے سے پہلے یہ دعا پڑھئے :

بِسْمِ	اللّٰهِ
نام کے ساتھ	اللہ (کے)

اللہ کے نام کے ساتھ (میں وضو کرتا ہوں)۔

وضو کرنے کے بعد یہ دعا پڑھئے :

اَشْهَدُ	اَنْ	لَّآ	اِلٰهَ	اِلَّا	اللّٰهُ
میں گواہی دیتا ہوں	یہ کہ	نہیں	کوئی معبود	سوائے	اللہ (کے)

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں

وَحْدَهٗ	لَا	شَرِيْكَ	لَهٗ	وَ	اَشْهَدُ
وہ اکیلا ہے	نہیں	کوئی شریک	اس کا	اور	میں گواہی دیتا ہوں

وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں

اَنَّ	مُحَمَّدًا	عَبْدُهٗ	وَ	رَسُوْلُهٗ
بیشک	محمد (ﷺ)	اس کے بندے	اور	اس کے رسول

کہ محمد (ﷺ) اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ (مسلم)

گھر سے باہر نکلتے ہوئے یہ دعا پڑھئے :

بِسْمِ	اللّٰهِ	تَوَكَّلْتُ	عَلَى	اللّٰهِ	لَا
نام کے ساتھ	اللہ (کے)	میں نے بھروسا کیا	پر	اللہ	نہیں

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر (نکلتا ہوں) اور اللہ تعالیٰ ہی کی ذات پر میں نے بھروسا کیا ہے

حَوْلَ	وَ	لَا	قُوَّةَ	اِلَّا	بِاللّٰهِ
باز رہنا	اور	نہیں	کوئی قوت	مگر	اللہ کی

گناہوں سے باز رہنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت اللہ تعالیٰ ہی کی مدد سے ہے۔ (ابوداؤد)

گھر میں داخل ہوتے اور باہر نکلتے وقت یہ دعا پڑھئے :

اَللّٰهُمَّ	اِنِّیْٓ	اَسْئَلُكَ	خَيْرَ	الْمَوْلَجِ	وَ
اے اللہ	بیشک میں	آپ سے سوال کرتا ہوں	بھلائی	داخل ہونے (کی)	اور

اے اللہ ، میں آپ سے گھر میں داخل ہونے اور

خَيْرَ	الْمَخْرَجِ	بِسْمِ	اللّٰهِ	وَلَجْنَا
بھلائی	باہر نکلنے (کی)	نام کے ساتھ	اللہ (کے)	ہم داخل ہوئے

گھر سے باہر نکلنے کی بھلائی مانگتا ہوں ہم اللہ (تعالیٰ) کے نام سے داخل ہوئے اور

وَ	عَلَى	اللّٰهِ	رَبِّنَا	تَوَكَّلْنَا
اور	پر	اللہ	ہمارا رب	ہم نے بھروسا کیا

ہم نے اللہ (تعالیٰ) کی ذات پر جو ہمارا رب ہے بھروسا کیا۔ (ابوداؤد)

کھانا کھانے سے پہلے یہ دعا پڑھئے:

بِسْمِ	اللّٰهِ	وَ	عَلٰى	بَرَكَةِ	اللّٰهِ
نام کے ساتھ	اللہ (کے)	اور	پر	برکت	اللہ (کی)

اللہ کا نام لے کر اور اس کی برکت سے کھانا کھاتا ہوں۔ (مستدرک حاکم)

کھانے سے پہلے دعا پڑھنا بھول جائیں تو بیچ میں یہ پڑھئے:

بِسْمِ	اللّٰهِ	اَوَّلَهٗ	وَ	اٰخِرَهٗ
نام کے ساتھ	اللہ (کے)	اس کا شروع	اور	اس کا آخر

اللہ کے نام کے ساتھ شروع کرتا ہوں۔ اس کے شروع میں اور اس کے آخر میں اللہ ہی کا نام ہے۔ (ابوداؤد)

کھانا کھانے کے بعد یہ دعا پڑھئے:

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ	اَطْعَمَنَا	وَ
تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے	ہمیں کھلایا	اور

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور

سَقَانَا	وَ	جَعَلَنَا	مُسْلِمِيْنَ
ہمیں پلایا	اور	ہمیں بنایا	مسلمان

پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔ (ابوداؤد)

دودھ پینے کے بعد یہ دعا پڑھئے :

اَللّٰھُمَّ	بَارِكْ	لَنَا	فِيْهِ	وَ	زِدْنَا	مِنْهُ
اے اللہ	برکت ڈالئے	ہمارے لئے	اس میں	اور	زیادہ دیجئے ہمیں	اس سے

اے اللہ، اس میں ہمارے لئے برکت ڈالئے اور ہمیں مزید عطا فرمایئے۔ (ابوداؤد)

کپڑے اتارتے وقت یہ دعا پڑھئے :

بِسْمِ	اللّٰهِ
نام کے ساتھ	اللہ (کے)

(شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے۔

کپڑے پہنتے وقت یہ دعا پڑھئے :

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ	كَسَانِیْ	هٰذَا	الثَّوْبَ	وَ	رَزَقَنِيْهِ
تمام تعریفیں	اللہ کیلئے	وہ	جس نے پہنایا مجھے	یہ	کپڑا	اور	مجھے عطا کیا

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا

مِنْ	غَيْرِ	حَوْلٍ	مِنِّیْ	وَ	لَا	قُوَّةٍ
سے	بغیر	قوت	میری	اور	نہ	طاقت

اور میری کسی طاقت اور قوت کے بغیر مجھے عطا فرمایا۔ (ابوداؤد)

آئینہ دیکھتے وقت یہ دعا پڑھئے :

اَللّٰھُمَّ	کَمَا	حَسَّنْتَ	خَلْقِیْ	فَحَسِّنْ	خُلُقِیْ
اے اللہ	جیسے	آپ نے اچھی بنائی	میری صورت	پس اچھی بنا دیجئے	میری سیرت

اے اللہ ، آپ نے جیسے میری صورت اچھی بنائی میری سیرت بھی اچھی بنا دیجئے۔ (ابوداؤد)

سواری پر سوار ہوتے وقت یہ دعا پڑھئے :

سُبْحَانَ	الَّذِیْ	سَخَّرَ	لَنَا	ھٰذَا
پاک ہے	وہ (اللہ)	جس نے تابع کی	ہمارے	یہ (سواری)

پاک ہے وہ (اللہ) جس نے اس (سواری) کو ہمارے تابع بنا دیا

وَ	مَا	کُنَّا	لَہٗ	مُقْرِنِیْنَ
اور	نہیں	تھے ہم	اس کو	قابو میں لانے والے

ورنہ ہم اسے قابو میں لانے کی طاقت نہیں رکھتے تھے

وَ	اِنَّآ	اِلٰی	رَبِّنَا	لَمُنْقَلِبُوْنَ
اور	بیشک ہم	طرف	اپنے رب کے	البتہ لوٹنے والے ہیں

بیشک ہمیں (ایک دن) اپنے رب ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ (الزخرف41: آیات13 تا14)

بازار میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھئے :

لَآ	اِلٰہَ	اِلَّا	اللّٰہُ	وَحْدَہٗ	لَا	شَرِیْکَ	لَہٗ
نہیں	کوئی معبود	سوائے	اللہ	وہ اکیلا ہے	نہیں	کوئی شریک	اس کا

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ، وہ اکیلا ہے ، اس کا کوئی شریک نہیں

لَهُ	الْمُلْكُ	وَ	لَهُ	الْحَمْدُ	يُحْيِيْ	وَ	يُمِيْتُ
اسی کی	بادشاہت	اور	اس کیلئے	تعریف (ہے)	وہ زندہ کرتا	اور	مارتا ہے

اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کی تعریف ہے ، وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے

وَ	هُوَ	حَيٌّ	لَّا	يَمُوْتُ	بِيَدِهِ	الْخَيْرُ
اور	وہ	زندہ ہے	نہیں	وہ مرے گا	اس کے ہاتھ	بھلائی (ہے)

اور وہ زندہ ہے کبھی نہیں مرے گا ، بھلائی اسی کے ہاتھ میں ہے

وَ	هُوَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ
اور	وہ	پر	ہر	چیز (کے)	قادر (ہے)

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ (ترمذی)

ملاقات کے وقت یہ دعا پڑھئے :

اَلسَّلَامُ	عَلَيْكُمْ	وَ	رَحْمَةُ	اللّٰهِ	وَ	بَرَكَاتُهٗ
سلامتی ہو	تم پر	اور	رحمت	اللہ (کی)	اور	اس کی برکتیں

آپ پر سلامتی ہو اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں ہوں اور برکتیں ہوں۔ (ابوداؤد)

علم میں اضافہ کے لئے یہ دعا پڑھئے :

رَبِّ	زِدْنِيْ	عِلْمًا
اے میرے رب	مجھے بڑھایئے	علم میں

اے میرے رب ، میرے علم میں اضافہ فرمایئے۔ (طٰہٰ 20: آیت 114)

امتحان میں کامیابی کے لئے یہ دعا پڑھئے :

رَبِّ	اشْرَحْ	لِیْ	صَدْرِیْ	وَ
اے میرے رب	کھول دیجئے	میرے لئے	میرا سینہ	اور
اے میرے پروردگار ، میرے لئے میرا سینہ کھول دیجئے اور				
یَسِّرْ	لِیْٓ	اَمْرِیْ	وَ	احْلُلْ
آسان بنا دیجئے	میرے لئے	میرا کام	اور	کھول دیجئے
میرے کام کو میرے لئے آسان بنا دیجئے اور میری زبان کی				
عُقْدَةً	مِّنْ	لِّسَانِیْ	یَفْقَهُوْا	قَوْلِیْ
گرہ	سے	میری زبان	وہ سمجھیں	میری بات
گرہ کھول دیجئے تاکہ وہ لوگ میری بات کو اچھی طرح سمجھ سکیں۔ (طٰہٰ 20: آیات 25 تا 28)				

چھینک آئے تو یہ دعا پڑھئے :

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ
تمام تعریفیں	اللہ کے لئے (ہیں)
تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں۔ (بخاری)	

چھینک مارنے والے کو پڑھتے ہوئے سنیں تو یہ دعا پڑھئے :

یَرْحَمُكَ	اللّٰهُ
رحم فرمائے تم پر	اللہ
اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے۔ (بخاری)	

پھر چھینکنے والا یہ دعا پڑھے :

يَهْدِيْكُمُ	اللّٰهُ	وَ	يُصْلِحُ	بَالَكُمْ
تمہیں ہدایت دے	اللہ	اور	وہ درست کر دے	تمہاری حالت (کو)

اللہ تعالیٰ تمہیں ہدایت دے اور تمہاری حالت درست فرما دے۔ (بخاری)

غصہ آئے تو یہ دعا پڑھئے :

اَعُوْذُ	بِاللّٰهِ	مِنَ	الشَّيْطٰنِ	الرَّجِيْمِ
میں پناہ مانگتا ہوں	اللہ کی	سے	شیطان	مردود

میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔ (بخاری)

مسجد میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھئے :

اَللّٰهُمَّ	افْتَحْ	لِيْ	اَبْوَابَ	رَحْمَتِكَ
اے اللہ	کھول دیجئے	میرے لئے	دروازے	اپنی رحمت (کے)

اے اللہ ، میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دیجئے۔ (مسلم)

مسجد سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھئے :

اَللّٰهُمَّ	اِنِّيْٓ	اَسْئَلُكَ	مِنْ	فَضْلِكَ
اے اللہ	بیشک میں	آپ سے سوال کرتا ہوں	سے	آپ کے فضل

اے اللہ ، میں آپ سے آپ کے فضل کا سوال کرتا ہوں۔ (مسلم)

گھبراہٹ کے وقت یہ دعا پڑھئے :

يَا	حَيُّ	يَا	قَيُّوْمُ	بِرَحْمَتِكَ	اَسْتَغِيْثُ
اے	زندہ	اے	تھامنے والے	آپ کی رحمت کے ذریعے	میں فریاد کرتا ہوں

اے زندہ ، اے تھامنے والے ، میں آپ کی رحمت سے مدد طلب کرتا ہوں۔ (ترمذی)

ہر قسم کے نقصان سے بچنے کے لئے صبح و شام 3-3 مرتبہ یہ دعا پڑھئے :

اَعُوْذُ	بِكَلِمَاتِ	اللّٰهِ	التَّآمَّاتِ
میں پناہ لیتا ہوں	کلمات کے ساتھ	اللہ (کے)	مکمل

میں پناہ لیتا ہوں اللہ کے مکمل کلمات کے ساتھ

مِنْ	شَرِّ	مَا	خَلَقَ
سے	شر	جو	اس نے پیدا کیا

اس کی تمام مخلوق کے شر (نقصان) سے۔ (مسلم)

ہر قسم کے غم و فکر سے بچنے کے لئے صبح و شام یہ دعا پڑھئے :

حَسْبِيَ	اللّٰهُ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	عَلَيْهِ
مجھے کافی ہے	اللہ	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	اسی پر

مجھے اللہ ہی کافی ہے ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں ، میں نے

تَوَكَّلْتُ	وَ	هُوَ	رَبُّ	الْعَرْشِ	الْعَظِيْمِ
میں نے بھروسا کیا	اور	وہی	رب	عرش	عظیم (کا)

اسی پر بھروسا کیا اور وہی عرش عظیم کا رب ہے۔ (ابوداؤد)

علم سے فائدہ اٹھانے کے لئے یہ دعا پڑھئے :

اَللّٰھُمَّ	اِنِّیۡۤ	اَسۡئَلُكَ	عِلۡمًا	نَّافِعًا	وَّ
اے اللہ	بیشک میں	آپ سے مانگتا ہوں	علم	فائدہ مند	اور

اے اللہ ، میں آپ سے مانگتا ہوں فائدہ مند علم اور

رِزۡقًا	طَیِّبًا	وَّ	عَمَلًا	مُّتَقَبَّلًا
روزی	پاک	اور	عمل	مقبول

پاک روزی اور شرف قبولیت پانے والا عمل۔ (ابن ماجہ)

نیا چاند دیکھ کر یہ دعا پڑھئے :

اَللّٰهُ	اَكۡبَرُ	اَللّٰھُمَّ	اَهِلَّهٗ	عَلَيۡنَا	بِالۡاَمۡنِ
اللہ	سب سے بڑا	اے اللہ	چاند نکال	ہم پر	امن کے ساتھ

اللہ سب سے بڑا ہے۔ اے اللہ ، یہ چاند نکال ہم پر امن،

وَ	الۡاِیۡمَانِ	وَ	السَّلَامَةِ	وَ	الۡاِسۡلَامِ
اور	ایمان	اور	سلامتی	اور	اسلام (کے ساتھ)

ایمان، سلامتی ، اسلام اور اس چیز کی توفیق کے ساتھ

وَ	التَّوۡفِیۡقِ	لِمَا	تُحِبُّ	وَ	تَرۡضٰی
اور	توفیق	اس کے لئے جو	تو پسند کرتا ہے	اور	تو راضی ہوتا ہے

جسے تو پسند کرتا ہے اور راضی ہوتا ہے

رَبُّنَا	وَ	رَبُّكَ	اللّٰهُ
ہمارا رب	اور	تیرا رب	اللہ (ہے)

(اے چاند) ہمارا رب اور تیرا رب اللہ ہے۔ (ترمذی)

وضو کی فضیلت

فرمان الٰہی ہے :۔(ترجمہ)

''اے ایمان والو ، جب تم نماز (پڑھنے) کے لئے اٹھو تو اپنے منہ اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھو لو ، اپنے سروں کا مسح کرو اور اپنے پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھو (مکمل وضو کر) لو۔'' (المآئدہ 5 : آیت 6)

احادیث رسول ﷺ :

❶ ''طہارت (وضو) آدھا ایمان ہے۔'' (بخاری ،مسلم۔عن ابی مالک رضی اللہ عنہ)

❷ '' وہ اعمال جن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ گناہوں کو مٹاتے اور درجات بلند کرتے ہیں ان میں سے ایک مشقت (سخت سردی) کے وقت بھی مکمل وضو کرنا ہے۔'' (مسلم۔عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ)

❸ ''جو آدمی اچھی طرح (آپ ﷺ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق) وضو کرے اس کے پورے جسم یہاں تک کہ ناخنوں کے نیچے تک کے بھی گناہ نکل جاتے ہیں۔''
(بخاری ،مسلم۔عن عثمان رضی اللہ عنہ)

❹ ''کوئی بھی مسلمان جب وضو کرتے وقت اپنا چہرہ دھوتا ہے تو وضو کے پانی کے ساتھ اس کے چہرے کے تمام گناہ نکل جاتے ہیں جو آنکھوں کے (برائی کو) دیکھنے کی وجہ سے ہوئے تھے۔ جب وہ اپنے ہاتھ دھوتا ہے تو اس کے ہاتھوں کے گناہ نکل جاتے ہیں جو (بری چیز کو) پکڑنے کی وجہ سے اس سے ہوئے ، جب پاؤں دھوتا ہے تو پاؤں کے گناہ نکل جاتے ہیں جو (گناہ کے کام کی طرف) چلنے کی وجہ سے ہوئے تھے۔ یہاں تک کہ مکمل وضو کرنے کے بعد وہ گناہوں سے پاک اور صاف ہو جاتا ہے۔'' (مسلم۔عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ)

❺ ''(جنت میں) مومن (کے اعضائے وضو) کو وہاں تک (نور کا) زیور پہنایا جائے گا جہاں تک وضو کا پانی پہنچا ہو گا۔'' (مسلم۔عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ)

وضو کا مسنون طریقہ

❶ وضو کرنے سے پہلے مسنون دعا پڑھیے۔ (دیکھئے صفحہ نمبر 21)

❷ اپنے دونوں ہاتھوں کو پہنچوں تک 3 مرتبہ دھوئیے۔

❸ تین مرتبہ منہ میں پانی ڈال کر کلی کیجئے۔

❹ تین مرتبہ ناک میں پانی چڑھا کر اسے جھاڑیئے۔

❺ تین مرتبہ اپنا چہرہ پانی سے دھوئیے۔

❻ تین مرتبہ اپنا دایاں ہاتھ کہنی تک دھوئیے۔

❼ تین مرتبہ اپنا بایاں ہاتھ کہنی تک دھوئیے۔

❽ دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو پانی سے گیلا کر کے ایک مرتبہ اپنے سر کا مسح اس طرح کیجئے کہ اپنے دونوں ہاتھ سر کے اگلے حصہ سے گدی تک لے جائیے پھر واپس اسی جگہ لے آئیے جہاں سے مسح شروع کیا تھا۔

❾ اپنے کانوں کے سوراخوں میں شہادت کی انگلیاں ڈال کر سامنے والے پورے حصے میں گھمائیے پھر پچھلے حصے کے انگوٹھے کے ساتھ نیچے سے اوپر کی طرف مسح کیجئے۔

❿ تین مرتبہ اپنا دایاں پاؤں ٹخنے تک دھوئیے۔

⓫ تین مرتبہ اپنا بایاں پاؤں ٹخنے تک دھوئیے۔

⓬ وضو کے بعد کی مسنون دعا پڑھیے۔ (دیکھئے صفحہ نمبر 21)۔ (مسلم، ابو داؤد)

نوٹ: وضو اچھی طرح کیجئے اس لئے کہ ''بغیر وضو کے نماز قبول ہی نہیں ہوتی۔'' (مسلم)

نماز کی فضیلت

پنج وقتہ نماز ہر بالغ مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے۔ یہ ایسی عبادت ہے جو اللہ تعالیٰ کو تمام عبادات سے زیادہ پسند ہے، اس کی پابندی کرنے پر اللہ تعالیٰ دنیا میں اپنی نصرت اور مدد نازل فرماتے ہیں اور آخرت میں انعام و اکرام سے نوازیں گے۔ ان شآء اللّٰہ تعالیٰ۔
فرمان الٰہی ہے: - (ترجمہ)

❶ ''اے ایمان والو، صبر اور نماز کے ذریعہ (اللہ سے) مدد طلب کرو، یقیناً اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔'' (البقرہ 2: آیت 153)

❷ ''(اے نبی ﷺ) جو کتاب (قرآن) آپ کی طرف نازل کی گئی ہے آپ اس کی تلاوت کیجئے اور نماز قائم کیجئے، یقیناً نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے۔ بلاشبہ اللہ کا ذکر سب سے بڑا (عمل) ہے اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔'' (العنکبوت 29: آیت 45)

❸ ''اور جو (مومن) اپنی نمازوں کی حفاظت (نگہداشت) کرتے ہیں۔ یہی لوگ وارث ہیں۔ جو (جنت) الفردوس کے وارث ہوں گے، اس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔''
(المؤمنون 23: آیات 9 تا 11)

احادیث رسول ﷺ:

❶ ''اگر تم میں سے کسی کے دروازے کے سامنے سے نہر بہتی ہو جس سے وہ روزانہ 5 مرتبہ نہاتا ہو، کیا اس کے جسم پر کوئی میل کچیل باقی رہے گا؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے جواب دیا، اس کے جسم پر کوئی میل باقی نہیں رہے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پس یہی (خشوع و خضوع اور سنت نبوی ﷺ کے مطابق پڑھی جانے والی) 5 نمازوں کی مثال ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے سے (بندوں کے) گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔'' (بخاری، مسلم۔ عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ)

❷ ''نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔'' (مسند احمد۔ عن انس رضی اللہ عنہ)

❸ ''رسول اکرم ﷺ کو جب بھی کوئی پریشانی لاحق ہوتی آپ ﷺ فوراً نماز کا اہتمام کرتے تھے۔'' (ابوداؤد۔ عن حذیفہ رضی اللہ عنہ)

جان بوجھ کر نماز چھوڑنے پر وعید

نماز اسلام کا وہ رکن ہے جو کسی صورت میں بھی معاف نہیں ۔ چاہے آدمی مقیم ہو یا مسافر، حالت امن میں ہو یا جنگ میں ،صحت مند ہو یا مریض ہر حال میں اسے نماز ادا کرنا ضروری ہے۔ قیامت کے دن بھی اللہ تعالیٰ سب سے پہلے نماز ہی کے متعلق سوال کریں گے اگر نماز مکمل ہوئی تو باقی اعمال بھی اپنی رحمت سے درست فرما کر جنت میں داخل فرما دیں گے وگرنہ انسان جہنم کا ایندھن بن جائے گا۔

فرمان الٰہی ہے:- (ترجمہ)

❶ ''نماز قائم کرو اور مشرکین میں سے نہ ہو جاؤ۔'' (الروم 30: آیت 31)

❷ ''(قیامت کے دن جہنمیوں سے جنتی پوچھیں گے) کہ تمہیں کون سی چیز جہنم میں لے آئی، وہ (جہنمی) جواب دیں گے: ہم نماز نہیں پڑھا کرتے تھے۔'' (المدثر 74: آیات 42 تا 43)

احادیث رسول ﷺ:

❶ ''ایمان اور شرک یا کفر کے درمیان فرق نماز کا چھوڑنا ہے۔'' (مسلم۔عن جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما)

❷ ''قیامت کے دن بندے سے سب سے پہلے نماز کے بارے سوال ہوگا، جس کی نماز صحیح (مکمل اور سنت نبوی ﷺ کے مطابق) ہوئی وہ کامیاب ہو جائے گا اور جس کی نماز ناقص نکلی تو وہ ناکام اور خسارہ پانے والا ہوگا۔'' (ترمذی۔عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ)

❸ ''ہمارے اور منافقین کے درمیان (فرق کرنے والی چیز) نماز ہے جس نے (جان بوجھ کر) نماز چھوڑ دی اس نے کفر کیا۔'' (ترمذی۔عن بریدہ رضی اللہ عنہ)

❹ ''جو نماز کو پابندی سے ادا کرے گا۔ نماز اس کے لئے قیامت کے دن نور (روشنی)، برہان (دلیل) اور نجات کا باعث ہوگی اور جو اس (نماز) کی پابندی نہیں کرے گا اس کے لئے نہ نور بنے گی، نہ دلیل اور نہ ہی نجات اور وہ (بے نمازی) قیامت کے دن فرعون، قارون، ہامان اور ابی بن خلف کے ساتھ ہوگا۔'' (مسند احمد۔عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما)

(مزید پڑھئے ترجمہ وتفسیر التوبہ 9: آیات 5، 11 اور 54، مریم 19: آیت 59)

گھر بیٹھے اسلام سیکھئے

❶ بذریعہ خط وکتابت کورس (انگلش یا اردو) ❷ قرآن کریم عربی (چھوٹا، بڑا سائز) ❸ قرآن کریم مترجم اردو (چھوٹا، بڑا سائز) ❹ قرآن کریم کا لفظی و بامحاورہ آسان اردو ترجمہ ❺ قرآن کریم مترجم فارسی ❻ 40 دن میں گھر بیٹھے قرآن اور نماز پڑھنا سیکھئے ❼ عربی سیکھئے (قرآن کریم ونماز کی دعاؤں سے) ❽ مختصر تفسیر ابن کثیر رحمہ اللہ ❾ مختصر سیرت النبی ﷺ ❿ ایک ہزار منتخب احادیث ماخوذ از بخاری شریف ⓫ ایک ہزار منتخب احادیث ماخوذ از مسلم شریف ⓬ ایک ہزار منتخب احادیث ماخوذ از مشکوٰۃ شریف ⓭ آپ ﷺ کے لیل ونہار ⓮ بیماریاں اور ان کا علاج مع طب نبوی ﷺ ⓯ سہل وآسان حج وعمرہ ⓰ دنیاوی تفکرات اور آخرت میں کامیابی کیلئے ⓱ اولاد کی تعلیم وتربیت ⓲ عورتوں کے مسائل اور ان کا حل ⓳ مریض کی نماز ⓴ قصص الانبیاء علیہم السلام ㉑ مختصر سیرت خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم ㉒ بڑے گناہوں سے بچاؤ کیسے؟ ㉓ غم نہ کریں ㉔ عدت کے مسائل ㉕ نماز پڑھنا سیکھئے ㉖ قربانی کے مسائل ㉗ زکوٰۃ کی فرضیت، وعید اور نصاب ㉘ وقت کا بہترین استعمال ㉙ اولیاء اللہ کی کرامات ㉚ مختلف پمفلٹس واسٹیکرز

الاعلام الاسلامی
ISLAMIC COMMUNICATION TRUST
Spreading the Word of Allah Worldwide

ملنے کے پتے :

کراچی
کمرہ نمبر 10، دوسری منزل، گلشن ٹیرس (بلڈنگ)، نزد جامع کلاتھ مارکیٹ
ایم اے جناح روڈ، کراچی۔ فون: 32210209 / 32627369

دفتری اوقات : صبح 11 بجے تا شام 7 بجے تک (تعطیل : بروز اتوار)

e-mail : islamisforall@hotmail.com

Visit our Website : www.islamisforall.com
For all our Books and Correspondence Course

لاہور
F/1 ، رحمان پلازہ۔4، فاطمہ جناح روڈ، لاہور
فون: 36367338 / 36366207

اسلام آباد
المسعود اسلامی بکس، دکان نمبر B-10، بلاک 4-B
مرکز F-8، اسلام آباد فون: 2261356